PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

Phone No. 091-9210489-(Ext:) 1267
Fax No. 091-9210258

LIST OF ADMITTED CALL ATTENTION NOTICES

Session 21st

Notice No. 2273

Received Dated 08/02/2022

Admitted Dated 16/02/2022

Department **Elementary and Secondary Education**

توجہ دلاو نوٹس 2273

منجانب: محترمہ حمیرا خاتون صاحبہ، رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ ابتدائی وثانوی تعلیم کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں وہ یہ کہ کورونا وباء کی وجہ سے تعلیمی اداروں کی بندش کے بعد گزشتہ ماہ جولائی سے تعلیمی اداروں کے مرحلہ وار کھولنے کے ساتھ ہی پشاور میں سٹیشنری کی بڑی مارکیٹوں قصہ خوانی بازار، چوک یادگار، ہشتنگری، پشاور کینٹ سمیت شہر بھر میں سٹیشنری سے وابستہ تاجروں نے درسی کتب، کاپیوں، سکول بیگز، یونیفارم اور سٹیشنری کی قیمتوں میں لگ بھگ 50٪ فیصد تک اضافہ کر دیا ہے۔ جبکہ پہلے ہی سے عالمی وباء کی وجہ سے جہاں طلبہ وطالبات کا قیمتی وقت ضائع ہوا ہے اور والدین بھی معاشی مشکلات سے دوچار ہیں ایسے میں درسی کتب، کاپیوں، سکول بیگز، یونیفارم اور سٹیشنری کی قیمتوں میں اضافہ کی وجہ سے طلبہ وطالبات کی مشکلات میں مزید اضافہ ہوا ہے حکومت اس مسلے کا فوری نوٹس لیں اور والدین سمیت طلبہ وطالبات کی مشکلات کا فوری ازالہ کریں۔ تاکہ طلبہ وطالبات اپنا تعلیمی سلسلہ جاری رکھ سکے۔